حیسکو پریس ریلز مورخہ 17.11.2021

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔حیدرآباد ،میرپورخاص ،ٹنڈوالہیار ،ٹنڈومحمدخان ،ٹنڈوجام وگردونواح میں بجلی چوروں کے **780** غیر قانونی کنکشن منقطع کردیئے،نادہندگان سے **5** کروڑ **85** لاکھ **95** ہزار سے زائدریکوری کی گئی، نادہندگان کے **393** کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں سب ڈویژن قاسم آباد میں کے علاقوں کارروئیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 130 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے ،نادہندگان کے 98 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں،شہید امید علی سب ڈویژن میں کارروائی کے دوران 110 کنڈہ کنکشن کاٹ کرتاریں اپنے قبضے میں لے لیں اور نادہندگان کے 69 بجلی کنکشن واجبات کی ادائیگی نہ کرنے پر کاٹ دیئے۔مجموعی طور پر نادہندگان سے 2 کروڑ لاکھ 65 ہزار 95 روپے کی وصولی کی گئی۔میرپورخاص میں کارروائی کرتے ہوئے ہیرآباد سب ڈویژن کے علاقوں سے 115 غیرقانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے ہیں اور نادہندگان کے 60 کنکشن بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر کاٹے گئے ہیں اور نادہندگان سے 1 کروڑ لاکھ 20 ہزار 900 روپے کی ریکوری کی گئی ہے۔ٹنڈوالہیار میں چیکنگ کے دوران 105 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے اور نادہندگان کے 53 کنکشن بھی منقطع کیئے گئے ۔واجبات کی رقم میں سے ایک کروڑ 300 روپے کی وصولی کی گئی ہے۔ٹنڈوجام میں کارروائی کرتے ہوئے رشید کالونی میں بجلی کنکشن میں چوری پائی گئی فوری طور پر کنکشن منقطع کر کے 190 غیرقانونی کنکشن منقطع کیئے گئے اور نادہندگان کے 78 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں،ٹنڈومحمدخان سب ڈویژن ون میں کارروائی کے دوران واجبات کی عدم ادائیگی پر نادہندگان سے 35 کنکشن منقطع ہوئے ہیں اور بجلی چوروں کے 130 کنڈہ کنکشن کاٹرے گئے ہیں ۔مجموعی طور پر نادہندگان سے 2 کروڑ 56 ہزار روپے کی ریکوری بھی کی گئی ہے۔حیسکو چیف کی ہدایات پر بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی،حیسکو کا نعرہ ہے کہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائستہ زبان کے تحت نادہندگان سے خوش اخلاقی سے بات کرتے ہوئے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کرائیں،نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں۔واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔آپ کے تعاون کا متمنی

حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بڑے پیمانے پر کیا جارہا ہے